Authentication

برائے تصدیق

سیریل نمبر:30214

Citizen Feedback

رائے کے لیے اسکین کریں۔

## پولیس فارم نمبر 24-5(1)

### ابتدائی اطلاع رپورٹ نسبت جرم قابل دست اندازی پولیس رپورٹ شدہ زیر دفعہ 154 مجموعہ ضابطہ فوجداری

نمبر: 233/13 تھانہ: ندوکے ضلع: نارووال

تاریخ ووقت وقوعہ: 19-01-2013 02:00 PM

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تاریخ ووقت رپورٹ | بحوالہ رپٹ نمبر(6)<br>24-12-201310:15AM | 6 | تھانہ سے روانگی کی تاریخ بوقت | 25-12-2013 08:00 AM |
| 2 | نام وسکونت اطلاع دہندہ مستغیث | چوہدری محمد الیاس ولد جودسنگھ، پتہ: ڈھلی تحصیل و ضلع نارووال، پیشہ: کاروبار<br>فون نمبر: 03217170058 | | | |
| 3 | مختصر کیفیت جرم (معہ دفعہ) ومال اگر کچھ کھو گیا ہے | بجرم:<br><br>489F ت پ<br>420ت پ<br>468ت پ<br>471ت پ<br><br>ایزاد:420: ضمنی نمبر:17 تاریخ:15-05-2015<br>ایزاد:468: ضمنی نمبر:17 تاریخ:15-05-2014<br>ایزاد:471: ضمنی نمبر:17 تاریخ:15-05-2014 | | | |
| 4 | جائے وقوعہ وفاصلہ تھانہ سے اور سمت | HBLبرانچ تلونڈی بھنڈراں بفاصلہ 8 کلومیٹر جانب مغرب یو سی 13 | | | |
| 5 | کاروائی متعلقہ تفتیش اگر اطلاع درج کرنے میں کچھ توقف ہوا ہو تو اس کی وجہ بیان کی جاوے | حسب آمد تحریر درخواست مقدمہ درج رجسٹر ہوا | | | |

31492

دستخط: ذکاءاللہ بیلٹ نمبر: - عہدہ: MHC/DO ٹیلی فون نمبر: -

(ابتدائی اطلاع نیچے درج کریں)

P S R M S

بخدمت جناب SHOصاحب تھانہ درخواست برائے اندراج مقدمہ جناب عالی! گزارش ہے کہ مظہر سائل اقبال رائس ملز موضع ڈھلی مرید کے روڈ پر مونجی اور چاول کی خرید و فروخت کا کاروبار کرتا ہے مظہر سائل کے مسمی امجد علی ولد میاں محمد رمضان قوم جٹ ساکن مکان نمبر 1/31 الطاف ٹاؤن طارق روڈ ملتان سے بہت اچھے تعلقات تھے امجد علی مذکور نے بہیٹ رائس ٹریڈرز کے نام سے محمد نواز بھٹی ولد واحد بخش قوم بھٹی ساکن جہانگیر آباد ملتان فیصل ولد امجد علی کی پہلی بیوی اور بیٹی ۔امجد علی کا منشی سلمان مسیح ولد نامعلوم قوم عیسائی ساکن نزد تلہ سٹاپ لاہور کے ساتھ مل کر ایک کمپنی الطیف سنیٹر کمرہ نمبر 29 گل برگ لاہور بنا رکھی ہے مورخہ 2013-01-19 بوقت تقریباً-/2 بجیدن امجد علی مذکور ہمراہ فیصل ولد امجد علی محمد نواز بھٹی سلمان مسیح منشی میری رائس مل موضع ڈھلی مرید کے روڈ آیا اس وقت میرے ساتھ جاوید اقبال بٹ ولد محمد اقبال بٹ قوم کشمیری ساکن تلونڈی بھنڈراں، محمد شاکر ولد محمد الیاس قوم میو ساکن ڈھلی بھی موجود تھے امجد علی مذکور نے مظہر سائل سے تین کروڑ پچانوے لاکھ چون ہزار سات سو پچاس روپے 750،54،395 کے سپر کرنل چاول خرید کیے اور کل رقم میں سے ایک کروڑ دس لاکھ چار ہزار سات سو پچاس-/750،04،10،1 روپے ادا کر دیئے اور بقایا رقم دو کروڑ چوہتر لاکھ پچاس ہزار -/50000،74،2 روپے کے آٹھ عدد چیک نمبری 8323030 مالیتی مبلغ -/750000 چیک نمبری 8323031 مالیتی -/500000 چیک نمبری 8323032 مالیتی -/10،00000 روپے چیک نمبری 8323033، مالیتی-/1300000 روپے چیک نمبری 8323034 مالیتی-/1300000 روپے چیک نمبری 8323035 مالیتی-/1300000 روپے چیک نمبری 8323037 مالیتی-/1300000 روپے چیک نمبری 8323038 مالیتی دو کروڑ-/20000000 روپے اکاؤنٹ نمبر 04477900574603 حبیب بنک لمٹیڈ multan samij ahad ogdcl building برانچ روبرو گواہان متذکرہ بالا دے دیئے اور چاول اٹھا کر بذریعہ ٹرک لے گئے مظہر سائل رقم کیش کروانے کے لیے اقبال رائس ملز کے اکاؤنٹ نمبر 03-HBL62295 برانچ تلونڈی بھنڈراں میں جمع کروا دیئے کچھ دن بعد مظہر سائل رقم وصول کرنے کے لیے بنک میں گیا تو بنک احکام نے آٹھ عدد چیک مذکورہ بالا پر میمو مورخہ 2013-06-05 اور 2013-11-21 کو لگا سائل کو واپس کر دیئے جس پر تحریر تھا کہ محمد نواز بھٹی کے اکاؤنٹ نمبر میں موجود نہ ہے اسکے بعد مظہر سائل نے امجد علی مذکور اور اس کے دیگر ساتھیوں فیصل ولد امجد۔ محمد نواز بھٹی۔ سلمان مسیح منشی سے رابطہ کر کے اپنی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا ہے مگر وہ ہر بار وعدہ وعید اور ٹال مٹول سے کام لیتا آرہا ہے امجد علی مذکور اور اس کے ساتھیوں نے جان بوجھ کر بدنیتی سے مظہر سائل کے ساتھ دھوکہ وفراڈ کرنے کی نیت سے بوکس چیک دیتے رہے اور مظہر سائل کی رقم مبلغ-/27450000 روپے خرد برد کرنے کی کوشش کی ہے دعویدار ہوں الزام علیہ کے خلاف FIR مقدمہ درج رجسٹر کر کے قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے فوٹو کاپی چیک بمعہ میمو لف ہذا ہے عرضے چوہدری محمد الیاس ولد جودسنگھ قوم میو راجپوت ساکن ڈھلی تحصیل و ضلع نارووال دستخط بحروف اردو محمد الیاس۔۔ کاروائی پولیس! اس وقت ایک تحریری درخواست ازان چوہدری محمد الیاس مستغیث مندرجہ بالا خانہ نمبر 2 نے بغرض اندراج مقدمہ بحاضری تھانہ پیش کی جو مضمون بالا تحریر سے سردست صورت جرم 489F ت پ پائی جاکر جس پر رپورٹ ابتدائی ہذا بجرم مذکور مرتب کر کے اصل تحریر درخواست و آٹھ عدد چیک اصل چیک میمو فوٹو کاپی چیک معہ نقل FIR بغرض تفتیش بدست ندیم خاں 168/LHC نائب محرر عقب انچارج انویسٹی گیشن صاحب ارسال ہے

ذکاءاللہ MHC/DO

24-12-2013